نیشنل ٹی ٹونٹی کپ سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کاچھٹا روز، سدرن پنجاب اور خیبرپختونخوافاتح

- محمد محسن کی جارحانہ نصف سنچری نے فتح میں کلیدی کردار ادا کیا
- مہران ابراہیم کی نصف سنچری اور اسد آفریدی کے 4 شکار نے خیبرپختونخوا کو کامیابی دلادی

لاہور، 18اکتوبر 2019ء:

ایونٹ کےچھٹے روز نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے پہلے میچ میں سدرن پنجاب نے سنٹرل پنجاب کو 21 رنز سے شکست دے دی۔ میچ میں سنٹرل پنجاب نے ٹاس جیت کر پہلےفیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ 22 رنز پر ابتدائی 2 وکٹیں گرنے کے بعد سدرن پنجاب کے مڈل آرڈر بلے باز محمد محسن اور زین عباس کے درمیان 120 رنز کی شراکت نے جیت کی بنیاد رکھ دی۔ محمد محسن نے 39 گیندوں پر 76 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 5 چھکے اور 5 چوکےشامل تھے۔ زین عباس نے 45 رنز اسکور کیے۔ سدرن پنجاب نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 179 رنز بنائے۔جواب میں سنٹرل پنجاب کا ٹاپ آرڈر سدرن پنجاب کے فاسٹ باؤلرزضیاء الحق اور محمد عمران کی عمدہ باؤلنگ کے سامنے ریت کی دیوار ثابت ہوا ا ور محض 68 رنز پر آدھی ٹیم پویلین واپس لوٹ گئی۔ مڈل آرڈر بیٹسمین محمد سعد نے مزاحمت کی کوشش کی مگر وہ بھی 46 اسکور پر ہمت ہارگئے۔ سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم 158 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ سدرن پنجاب کی جانب سے ضیاء الحق نے23 اور محمد عمران نے 28 رنز کے عوض 3،3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں خیبرپختوانخوا نےناردرن کوسنسنی خیز مقابلے کے بعد3رنز سے شکست دے دی۔ اس سے قبل خیبرپختونخوا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ناردرن نے مہران ابراہیم ، نبی گل اور کامران غلام کی شاندار بیٹنگ کی بدولت مقررہ20 اوورز میں 172 رنز بنائے۔ مڈل آرڈر بلے باز مہرا ن ابراہیم نے 30 گیندوں پر 50 رنز کی اننگز کھیلی۔ان کی اننگز میں 8 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا۔ اوپنرز نبی گل

نے 45 اور کامران غلام نے 44 رنز اسکور کیے۔ ناردرن کی جانب سے نعمان علی اور اسامہ میر نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ناردرن کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 169 رنز ہی بناسکی۔ فیضان ریاض 51 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے تاہم نویں نمبر پر بیٹنگ کے لیے آنے والے رضا حسن نے 9 گیندوں پر برق رفتار 18 رنز بنا کر میچ میں سنسنی پھیلا دی مگر وہ ٹیم کو فتح سے ہمکنار کرنے میں ناکام رہے۔ خیبرپختونخوا کی جانب سے اسپنر اسد آفریدی نے 18 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ ثمین گل اور آصف آفریدی نے بھی 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk